۲۲۹۳ منتخب احادیث مبارکہ کی شہرۂ آفاق کتاب کا مکمل سلیس اردو ترجمہ اور حواشی

صحیح مسلم شریف

مترجم عربی اردو

الجامع الصحیح للامام المسلم

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیری م ۲۶۱ھ

جلد دوم

اردو ترجمہ ۔ فوائد و تشریحات:

مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی

جدید حواشی از فتح الملہم و تکملہ فتح الملہم

حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب فاضل تخصص فی الافتاء جامعہ دار العلوم کراچی

تقریظ

مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی دامت برکاتہم

مفتی و استاذ الحدیث جامعہ دار العلوم کراچی

ادارہ اسلامیات
لاہور ۔ کراچی
پاکستان

۲۲۰۷ منتخب احادیث مبارکہ کی شہرۂ آفاق کتاب کا مکمل سلیس اردو ترجمہ اور حواشی

صحیح مسلم شریف

مترجم ۰ عربی اردو

الجامع الصحیح للامام المسلم

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیری م ۲۶۱ھ

جلد دوم

اردو ترجمہ ۔ فوائد و تشریحات:

مولانا عابد الرحمٰن صدیقی کاندھلوی

جدید حواشی از فتح الملہم و تکملۂ فتح الملہم

حضرت مولانا محمد عبد اللہ صاحب فاضل تخصص فی الافتاء جامعۃ دار العلوم کراچی

تقریظ

مولانا مفتی محمود اشرف عثمانی دامت برکاتہم

مفتی و استاذ الحدیث جامعۃ دار العلوم کراچی

ادارہ اسلامیات
لاہور۔ کراچی
پاکستان

نام کتاب

صحیح مسلم شریف مترجم اردو

نام مصنف

الامام الحافظ ابو الحسین مسلم بن الحجاج القشیریؒ م ۲۶۱ھ

اشاعت اول

ربیع الاول ۱۴۲۸ھ، اپریل ۲۰۰۷ء

ادارہ اسلامیات
پبلشرز، بک سیلرز، ایکسپورٹرز

۱۴-دینا ناتھ مینشن، مال روڈ، لاہور فون ۷۳۲۴۴۱۲ فیکس ۷۳۲۴۷۸۵-۴۲-۹۲+
۱۹۰- انارکلی، لاہور- پاکستان.........فون ۷۲۴۳۹۹۱-۷۳۵۳۲۵۵
موہن روڈ، چوک اردو بازار، کراچی- پاکستان......فون ۲۷۲۲۴۰۱

ملنے کے پتے
ادارۃ المعارف، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
مکتبہ دار العلوم، جامعہ دار العلوم، کورنگی، کراچی نمبر۱۴
ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ، چوک لسبیلہ، کراچی
دار الاشاعت، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت القرآن، اردو بازار، کراچی نمبر۱
بیت العلوم، نابھہ روڈ، لاہور

الْأَحْوَصِ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ بْنُ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَدْرِ أَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَلِمَ لَمْ يُدْخِلُوهُ فِي الْبَيْتِ قَالَ إِنَّ قَوْمَكِ قَصَّرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ قُلْتُ فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا قَالَ فَعَلَ ذَلِكِ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوا مَنْ شَاءُوا وَيَمْنَعُوا مَنْ شَاءُوا وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثٌ عَهْدُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَأَخَافُ أَنْ تُنْكِرَ قُلُوبُهُمْ لَنَظَرْتُ أَنْ أُدْخِلَ الْجَدْرَ فِي الْبَيْتِ وَأَنْ أُلْزِقَ بَابَهُ بِالْأَرْضِ *

بن یزید، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے فرمایا کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، کیا حطیم کی دیوار بیت اللہ شریف میں شامل ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں! میں نے عرض کیا، اس کا دروازہ کیوں اونچا ہے؟ آپ نے فرمایا کہ یہ بھی تمہاری قوم کا کیا ہوا ہے کہ جسے چاہیں اندر جانے دیں اور جسے چاہیں روک دیں، اور اگر تمہاری قوم نے نئی نئی جاہلیت نہ چھوڑی ہوتی، اور مجھے خوف نہ ہوتا کہ ان کے دل تبدیل ہو جائیں گے، تو میں ارادہ کرتا کہ حطیم کی دیواروں کو بیت اللہ میں شامل کر دوں، اور اس کے دروازہ کو زمین سے لگا دوں۔

٧٥٦- حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ يَعْنِي ابْنَ مُوسَى حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِجْرِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمَعْنَى حَدِيثِ أَبِي الْأَحْوَصِ وَقَالَ فِيهِ فَقُلْتُ فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا لَا يُصْعَدُ إِلَيْهِ إِلَّا بِسُلَّمٍ وَقَالَ مَخَافَةَ أَنْ تَنْفِرَ قُلُوبُهُمْ *

٧٥٦۔ ابوبکر بن ابی شیبہ، عبید اللہ بن موسیٰ، شیبان، اشعث بن ابی الشعثاء، اسود بن زید، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے بیان کیا کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حطیم کے بارے میں دریافت کیا، اور ابوالاحوص کی حدیث کی طرح روایت نقل کی، باقی اس میں یہ الفاظ ہیں، کہ بیت اللہ شریف کا دروازہ اتنا اونچا کیوں ہے کہ بغیر سیڑھی کے اس پر چڑھ نہیں سکتے، اور حضرت کے جواب میں یوں ہے کہ میں ڈرتا ہوں کہ ان کے دل نفرت نہ کر جاویں۔

(١٠١) بَاب الْحَجِّ عَنِ الْعَاجِزِ لِزَمَانَةٍ وَهَرَمٍ وَنَحْوِهِمَا أَوْ لِلْمَوْتِ *

باب (١٠١) عاجز، بوڑھے اور میت کی جانب سے حج کرنا!

٧٥٧- وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ كَانَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ رَدِيفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ خَثْعَمَ تَسْتَفْتِيهِ فَجَعَلَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا وَتَنْظُرُ إِلَيْهِ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْرِفُ وَجْهَ

٧٥٧۔ یحییٰ بن یحییٰ، مالک، ابن شہاب، سلیمان بن یسار، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں، کہ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ردیف تھے کہ قبیلہ خثعم کی ایک عورت آئی اور وہ آپ سے کچھ دریافت کرنے لگی اور حضرت فضل بن عباسؓ اسے دیکھنے لگے، وہ فضل بن عباسؓ کو دیکھنے لگی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فضل بن عباسؓ کا منہ دوسری

الْفَضْلِ إِلَى الشِّقِّ الْآخَرِ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ فَرِيضَةَ اللَّهِ عَلَى عِبَادِهِ فِي الْحَجِّ أَدْرَكَتْ أَبِي شَيْخًا كَبِيرًا لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَثْبُتَ عَلَى الرَّاحِلَةِ أَفَأَحُجُّ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ وَذَلِكَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ *

طرف پھیر دیتے تھے، غرضیکہ اس نے عرض کیا، یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر جو حج فرض کیا ہے، وہ میرے باپ پر بڑھاپے میں فرض ہوا، اور ان میں سواری پر جم کر بیٹھنے کی طاقت نہیں ہے تو کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتی ہوں، آپ نے فرمایا، ہاں اور یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے۔

۷۵۸- وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ أَخْبَرَنَا عِيسَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَبِي شَيْخٌ كَبِيرٌ عَلَيْهِ فَرِيضَةُ اللَّهِ فِي الْحَجِّ وَهُوَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَسْتَوِيَ عَلَى ظَهْرِ بَعِيرِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحُجِّي عَنْهُ *

۷۵۸۔ علی بن خشرم، عیسیٰ، ابن جریج، ابن شہاب، سلیمان بن یسار، حضرت ابن عباس، حضرت فضل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے بیان کیا کہ قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے عرض کیا، کہ یارسول اللہ! میرے والد بہت بوڑھے ہیں اور ان پر اللہ تعالیٰ کا فریضہ حج واجب ہے اور وہ سواری پر جم کر نہیں بیٹھ سکتے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم ان کی جانب سے حج کر لو۔

(فائدہ) عاجزی کے وقت نیابت فی الحج صحیح ہے، جمہور علماء کا یہی مسلک ہے (عینی شرح بخاری، بحر، موی، نووی)

(۱۰۲) بَاب صِحَّةِ حَجِّ الصَّبِيِّ *

باب (۱۰۲) نابالغ کے حج کا حکم!

۷۵۹- وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ رَكْبًا بِالرَّوْحَاءِ فَقَالَ مَنِ الْقَوْمُ قَالُوا الْمُسْلِمُونَ فَقَالُوا مَنْ أَنْتَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ فَرَفَعَتْ إِلَيْهِ امْرَأَةٌ صَبِيًّا فَقَالَتْ أَلِهَذَا حَجٌّ قَالَ نَعَمْ وَلَكِ أَجْرٌ *

۷۵۹۔ ابوبکر بن ابی شیبہ و زہیر بن حرب اور ابن ابی عمر، سفیان بن عیینہ، ابراہیم بن عقبہ، کریب، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ کو کچھ سوار مقام روحاء میں ملے، آپ نے ان سے دریافت کیا کہ تم کون لوگ ہو، انہوں نے عرض کیا، مسلمان، پھر انہوں نے دریافت کیا، آپ کون ہیں، آپؐ نے فرمایا، اللہ کا رسول ہوں، ان میں سے ایک عورت نے ایک بچہ کو ہاتھوں پر بلند کیا اور کہا، کیا اس کا بھی حج ہو جائے گا، آپ نے فرمایا ہاں! اور تمہیں اس کا ثواب ملے گا۔

(فائدہ) عالمگیریہ میں ہے کہ بچہ پر حج واجب نہیں ہے، اگر اس نے بلوغ سے قبل حج کر لیا ہے تو فریضہ اسلام اس کے ذمہ سے ساقط نہ ہوگا، اور یہ حج نفل شمار ہوگا (موی جلد ا، صفحہ ۳۷۵) اس تصریح کے بعد پھر عدم صحت کا قول کسی کی جانب سے منسوب کرنا بہتر نہیں ہے، جیسا کہ میں پہلے لکھ چکا ہوں، اور علامہ عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں، کہ یہی حسن بصری مجاہد، عطاء بن ابی رباح، نخعی، ثوری، امام ابوحنیفہ، ابو یوسف، محمد، مالک، شافعی اور احمد اور تمام علمائے کرام کا مسلک ہے (عمدۃ القاری جلد ا صفحہ ۲۱۶)۔